MULTAN ELECTRIC POWER COMPANY
MEPCO

# میپکو میگ ملتان



وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی کا ملتان میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر مظفر علی عباسی کے مختلف علاقوں میں سیفٹی سیمینارز سے خطاب

یو ایس ایڈ کی جانب سے فراہم کئے گئے سیفٹی آلات کی تقسیم



میپکو... خدمت و ترقی قدم بہ قدم

شعبہ تعلقاتِ عامہ میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان



وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ سکندر حیات خان بوسن میپکو ہیڈ کوارٹر میں چیف ایگزیکٹو
آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی سے ملاقات کر رہے ہیں، چیف انجینئر میپکو راؤ ضیاء الرحمان بھی موجود ہیں



ممبر قومی اسمبلی حلقہ این اے 166 پاکپتن ۔III رانا زاہد حسین خان میپکو ہیڈ کوارٹر میں
چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مظفر علی عباسی سے ملاقات کر رہے ہیں

# ماہنامہ میپکو میٹ ملتان



مدیر اعلیٰ: محمد نعیم اللہ
ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن



مدیر: جمشید عالم نیازی
ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز

جلد نمبر 06 | شمارہ 02 | اکتوبر 2014 | کل صفحات 18


## اس شمارے میں

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| وزیر مملکت پانی و بجلی کا سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ | 03 |
| ڈی جی خان میں گرڈ اسٹیشن کا افتتاح | 04 |
| چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کا انٹرویو | 06 |
| اجلاس میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز | 07 |
| میپکو ریجن میں سیفٹی سیمینارز کا انعقاد | 08 |
| میپکو چیف کے مختلف دفاتر کے دورے | 11 |
| ہائیڈرو ورکرز یونین کے وفد سے ملاقات | 12 |
| اجلاس ایچ آر کمیٹی | 13 |
| اجلاس پروکیورمنٹ کمیٹی | 14 |
| واپڈا ٹاؤن فیز III کی تیاریاں | 15 |
| پریس کانفرنس | 16 |
| ڈائریکٹر ایچ آر کے والد کی وفات اور فاتحہ خوانی | 17 |
| میپکو چیف سے ڈی سی او ملتان کی ملاقات | 17 |
| حج کی فضیلت (مضمون) | 18 |


www.mepco.com.pk
For Con: 061-9220062
MEPCO TODAY
For Feedback:dmprmepco@gmail.com


### عرضِ مدیر

# میپکو کے تقسیمی نظام میں بہتری کی کاوشیں

میپکو جہاں صارفین کی تعداد کے لحاظ سے ملک کی سب سے بڑی ڈسٹری بیوشن کمپنی ہے وہاں بجلی کے تقسیمی نظام کے لحاظ سے سب سے بڑی کمپنی ہے۔ جنوبی پنجاب کے 13 اضلاع میں ایک لاکھ سے زائد مربع کلومیٹر پر پھیلے ہوئے 50 لاکھ صارفین کو میپکو دن رات خدمات مہیا کر رہی ہے۔ پورے ملک میں بجلی صارفین کے کل کنکشن کی تعداد 2 کروڑ سے زائد ہے، جس میں سے 50 لاکھ کی ذمہ داری میپکو اٹھائے ہوئے ہے۔

میپکو کا تقسیمی نظام 112 گرڈ اسٹیشنوں پر مشتمل ہے جہاں سے نکلنے والے 1035 فیڈرز اور ان پر لگے ڈیڑھ لاکھ سے زائد مختلف استعداد کار کے ٹرانسفارمرز صارفین تک بجلی پہنچاتے ہیں۔ صارفین کی تعداد اور بجلی کی کھپت میں مسلسل اضافے کے باعث میپکو اپنے تقسیمی نظام کی مضبوطی اور استعداد میں اضافے کے لئے کوشاں رہتی ہے۔ محدود وسائل کے باوجود میپکو نے حال ہی میں ڈی جی خان میں ایک نئے گرڈ اسٹیشن کی تعمیر مکمل کی ہے جس سے ڈی جی خان کے علاقے میں صارفین کو ٹرپنگ اور کم وولٹیج کی شکایات سے نجات ملی ہے۔ اوورلوڈ ٹرانسفارمرز کا جلنا انتظامیہ کے لئے ایک کڑا چیلنج تھا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی کے انقلابی اقدام کی بدولت ہزاروں کی تعداد میں ٹرانسفارمرز فیلڈ دفاتر کو دیئے گئے جس کی بدولت صورتحال میں تک لخت بہتری آئی ہے اور ٹرانسفارمرز جلنے کی شرح میں کمی آگئی ہے۔ گرمیوں کا موسم ختم ہونے کے قریب ہے۔ موسم سرما کے لئے انتظامیہ نے کریش مینٹی نینس پروگرام کا اجراء کیا ہے تاکہ اگلے موسم گرما میں آنے والے لوڈ کے لئے سسٹم کی خرابیاں دور کر کے بجلی کی بلاتعطّل فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔ میپکو کے کریش مینٹی نینس پروگرام کا آغاز یکم اکتوبر 2014ء سے ہو گیا ہے اور اس ضمن میں تمام فیلڈ دفاتر کو ہدایت کی گئی ہے کہ سروے کر کے مطلوبہ سامان کی فہرستیں فراہم کریں تاکہ انہیں فوری طور پر سامان مہیا کیا جا سکے۔


فوٹوگرافی: ـــــــ جواد احمد
ڈیزائننگ: ـــــــ ساجد قریشی
پرنٹر: ـــــــ ایس حیدر پرنٹرز ملتان
ویب ایڈیشن: ـــــــ خرم جاوید

شعبہ تعلقات عامہ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی خانیوال روڈ ملتان سے شائع کیا گیا

## کام سے پہلے پی ٹی ڈبلیو ضرور حاصل کریں

# مسلم لیگ ن کی حکومت سیلاب متاثرین کے ہر نقصان کا ازالہ کریگی

## وزیر مملکت پانی و بجلی عابد شیر علی



ملتان: وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی چناب چوک ہیڈ محمد والا میں قائم خیمہ بستیوں میں سیلاب متاثرین سے خطاب کر رہے ہیں، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی بھی ہمراہ ہیں

وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی نے کہا ہے کہ میپکو نے خیمہ بستیوں کو بجلی فراہم کر کے نئی تاریخ رقم کی ہے۔ ملکی تاریخ میں پہلی بار خیمہ بستیوں کو بجلی اور تمام سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ وہ ہیڈ محمد والا میں قائم خیمہ بستی میں سیلاب متاثرین میں امدادی سامان کی تقسیم کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت سیلاب متاثرین کے ہر نقصان کا ازالہ کرے گی۔ وزیر اعظم میاں نواز شریف کے حکم پر سیلاب سے متاثرہ تمام علاقوں کو آفت زدہ قرار دیدیا گیا ہے۔ وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعلیٰ پنجاب اور تمام وزراء سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سامان کی تقسیم کے ساتھ ساتھ ان کے مسائل حل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کو سلام پیش کرتا ہوں جو شیر بن کر سیلاب کا مقابلہ کر رہی ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی اور ان کی ٹیم سیلاب متاثرین کی بحالی کے لئے قابل تحسین کردار ادا کر رہے ہیں۔ حکومت کی پوری کوشش ہے کہ سیلاب متاثرین عید اپنے گھروں میں گزاریں۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف، شہباز شریف حقیقی لیڈر ہیں جو تپتی دھوپ، حبس اور گرمی میں سیلاب متاثرین کی مدد کو آئے۔ شریف خاندان اور حکومت سیلاب زدگان کی مدد کے لئے موجود ہے اور آخری سیلاب متاثرہ کی مکمل بحالی اور گھروں تک واپسی ہونے تک موجود رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ میپکو انتظامیہ اور سٹاف نے اپنی مدد آپ کے تحت سیلاب متاثرین کے لئے 8 ٹرک سامان اکھٹا کیا اور ہم نے لاکھوں روپے مالیت کا وہ سامان یہاں تقسیم کیا۔


> میپکو انتظامیہ اور سٹاف نے اپنی مدد آپ کے تحت سیلاب متاثرین کے لئے 8 ٹرک سامان اکھٹا کیا اور ہم نے لاکھوں روپے مالیت کا وہ سامان یہاں تقسیم کیا، وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی



ملتان: وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی چناب چوک ہیڈ محمد والا میں قائم خیمہ بستیوں میں سیلاب متاثرین میں امداد تقسیم کر رہے ہیں

## وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف کی ہدایات پر ہم جنوبی پنجاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروا رہے ہیں۔ وزیر مملکت پانی و بجلی عابد شیر علی

## نئے گرڈ اسٹیشنز کا قیام ڈسٹری بیوشن کمپنی کیلئے اشد ضروری ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی



وزیر مملکت برائے پانی بجلی عابد شیر علی ڈی جی خان شہر میں 132KV ڈی جی خان II گرڈ اسٹیشن کا افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

وفاقی حکومت توانائی بحران سے نمٹنے کی بھرپور کوشش کر رہی ہے اور انشاءاللہ کم سے کم وقت میں بجلی کی کمی کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی کو مؤثر بنا کر عوام کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کرنے کیلئے دن رات کوشاں رہے گی۔ وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف کی ہدایات پر ہم جنوبی پنجاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروا رہے ہیں اور اس میں ان علاقوں کو ترجیح دے رہے ہیں جو کہ مین سٹریم سے دور ہیں۔ جب مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے اقتدار سنبھالا تو ملک کو جن مسائل کا سامنا تھا ان میں لوڈشیڈنگ کا مسئلہ سرفہرست تھا۔ سابقہ دور حکومت میں بجلی کی مانگ کو پورا کرنے کے لئے نہ تو پیداواری منصوبوں پر توجہ دی گئی اور نہ ہی بجلی کو آپ لوگوں تک پہنچانے کے لئے ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن سسٹم کی استعداد بڑھانے کے لئے کوئی کام کیا گیا۔ وہ ڈی جی خان شہر میں 132KV ڈی جی خان II- گرڈ اسٹیشن کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہمارے پاس بجلی پیدا کرنے کے وسائل موجود ہیں ہم طلب کے مطابق بجلی پیدا کر سکتے ہیں لیکن ہمارا بجلی کی ترسیل کا نظام نہایت فرسودہ ہے اور لوڈ نہیں اٹھا سکتا۔ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے اقتدار سنبھالتے ہی اس بحران سے نکلنے کی ٹھوس منصوبہ بندی کی جس میں ایک طرف بجلی پیدا کرنے کے منصوبے شروع کئے گئے ہیں جبکہ دوسری طرف ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن کے نظام کو بہتر بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ہر روز ڈی جی خان، مظفرگڑھ، لیہ، فتح پور، کروڑ لعل عیسن، چشتیاں، ہارون آباد، بہاولنگر، منچن آباد، نورسر، عارفوالہ، ساہیوال، پاکپتن، وہاڑی، کرم پور، لڈن،



وزیر مملکت برائے پانی بجلی عابد شیر علی گرڈ اسٹیشن میں بٹن دبا کر بجلی فراہمی کا افتتاح کر رہے ہیں

حاصل پور، فقیروالی اور فورٹ عباس کے صارفین کی درجنوں شکایات موصول ہوتی تھیں جن میں کم وولٹیج اور ٹرپنگ کی شکایات زیادہ تھیں۔ میں نے میپکو کے افسران کو ہدایت دیں کہ ان مسائل کو فوراً حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 132KV ڈی جی خان II- گرڈ اسٹیشن جو کہ ایک سال سے تکمیل کے مراحل سے گذر رہا تھا میپکو کے افسران کی محنت سے اس کو ریکارڈ 4 دن کی مدت میں پورا کیا گیا اور آج اس گرڈ اسٹیشن کا افتتاح ہو رہا ہے۔ اس گرڈ اسٹیشن کے آپریشنل ہونے سے ڈی جی خان شہر کے بڑے علاقوں جس میں صدر بازار، سول لائن، ڈی ایچ کیو، کالج روڈ 1-، گدائی، کوئٹہ روڈ، میڈیکل کالج، ماڈل ٹاؤن، کوٹ ہیبت اور خیابان سرور شامل ہیں کو بجلی کی بہتر سپلائی ملے گی اور 5 لاکھ لوگوں کو فائدہ ہو گا۔ 132KV فتح پور گرڈ اسٹیشن بھی آئندہ ماہ اپنا کام شروع کر دیگا جس سے لیہ، فتح پور، کروڑ لعل عیسن اور کوٹ سلطان کے علاقوں میں ٹرپنگ اور لو وولٹیج کی شکایات کا خاتمہ ہو جائیگا۔ 220KV بہاولپور گرڈ اسٹیشن سے 132KV کا 35 کلومیٹر سرکٹ جو کہ

# لائن سٹاف کام کرتے ہوئے کام کا لباس پہنے اور اوزار چیک کرے

30 کروڑ روپے کی لاگت سے ایک سال قبل تیار ہو چکا ہے مگر اب تک وہاں پاور ٹرانسفارمر نہیں لگایا گیا جس کی وجہ سے بڑے علاقے کو ٹرپنگ اور کم وولٹیج کا سامنا تھا میں نے کل ہی 250 ایم وی اے کا نیا پاور ٹرانسفارمر لگانے کا حکم دیا ہے اور جلد ہی یہ ٹرانسفارمر اپنا کام شروع کر دیگا 220KV چشتیاں اور 220KV رحیم یار خان گرڈ اسٹیشنوں کے منصوبے بھی زیر تکمیل ہیں جس کی وجہ سے چشتیاں، بہاولنگر، ہارون آباد، رحیم یار خان اور صادق آباد میں ٹرپنگ اور کم وولٹیج کی شکایات ہیں ۔ یہ منصوبے دسمبر 2014ء میں مکمل ہوں گے ۔ ان منصوبوں کے جلد مکمل ہونے سے اپنے خطاب میں کہا کہ صارفین کی تعداد میں مسلسل اضافے ، نئی صنعتوں ، ٹیوب ویلوں کی تنصیب کے باعث نئے گرڈ اسٹیشنز کا قیام ڈسٹری بیوشن کمپنی کے لئے اشد ضروری ہے ۔ اس سلسلہ میں میپکو نے ریجن بھر کے چھوٹے ، بڑے شہروں میں نئے گرڈ اسٹیشنز کا قیام، پہلے سے موجود 2014ء کو کامیابی سے مکمل ہو گیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً 30 کروڑ روپے کی لاگت سے اس گرڈ اسٹیشن میں 20/26 ایم وی اے کے 2 نئے پاور ٹرانسفارمرز، 2 لائن بے اور 2 کلومیٹر ٹرانسمیشن لائن نصب کی گئی ہے۔ ڈیرہ غازی خان شہر میں اس سے قبل بجلی فراہم



وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، ممبر صوبائی اسمبلی عبدالعلیم شاہ اور چیف انجینئر ڈویلپمنٹ میپکو محمد اکرم چوہدری ڈی جی خان شہر میں 132KV ڈی جی خان II گرڈ اسٹیشن کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جس سے لڈن، کرم پور، حاصل پور، چشتیاں، ہارون آباد، دھراں والا، فقیر والی اور فورٹ عباس کے کم سے کم لاکھوں لوگوں کی ٹرپنگ اور کم وولٹیج کی شکایات دور ہو جائیں گی۔ اسی طرح میں نے 220KV کسووال گرڈ اسٹیشن میں 2 پینل پہنچانے کا حکم دیا ہے جس سے یہ گرڈ اسٹیشن بجلی کی فراہمی شروع کر دیگا اور اس سے بہاولنگر، عارفوالہ، میکلوڈ گنج، منچن آباد اور نورسر کے علاقوں میں ٹرپنگ اور کم وولٹیج کی شکایات کا خاتمہ ہو جائے گا اور لاکھوں شہری مستفید ہوں گے ۔ ان شکایات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ 132KV علی پور گرڈ اسٹیشن کے منصوبے پر کام جاری ہے اور یہ منصوبہ اگلے ماہ مکمل ہو جائیگا جس سے علی پور، شہر سلطان اور گردونواح کے علاقوں میں ٹرپنگ اور لو وولٹیج کی شکایات ختم ہو جائیں گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی نے گرڈ اسٹیشنز کی استعداد کار میں توسیع کے منصوبوں پر کام جاری ہے۔ میپکو نے ورلڈ بینک کے مالی تعاون سے جون 2013ء میں ڈیرہ غازی خان کے صارفین اور شہریوں کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے کے لئے 132KV ڈی جی خان ۔ 2 پر کام شروع کیا گیا جو 7 جولائی کرنے والا ایک 132KV ڈی جی خان ۔1 گرڈ اسٹیشن تھا جس میں 40 ایم وی اے کے تین اور 20/26 ایم وی اے کا ایک پاور ٹرانسفارمر نصب تھا ۔ نئے گرڈ اسٹیشن کی تعمیر و تنصیب سے صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ تقریب سے ممبر صوبائی اسمبلی عبدالعلیم شاہ، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ میپکو محمد اکرم چوہدری نے بھی خطاب کیا اس موقع پر سابق ایم این اے رانا محمود الحسن ، میپکو افسران کی بڑی تعداد بھی موجود تھے۔

صارفین کی تعداد میں مسلسل اضافے، نئی صنعتوں، ٹیوب ویلوں کی تنصیب کے باعث نئے گرڈ اسٹیشنز کا قیام ڈسٹری بیوشن کمپنی کے لئے اشد ضروری ہے، اس سلسلہ میں میپکو نے ریجن بھر کے چھوٹے، بڑے شہروں میں نئے گرڈ اسٹیشنز کا قیام، پہلے سے موجود گرڈ اسٹیشنز کی استعداد کار میں توسیع کے منصوبوں پر کام جاری ہے، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی

# میپکو کو ماڈل کمپنی بنانے کیلئے تمام صلاحیتیں بروئے کار لا رہے ہیں۔ شیخ احسن رشید

## کسٹمر کیئر کمیٹی قائم کردی۔ محدود وسائل اور مشکلات کے باوجود بہترین نتائج کیلئے کوشاں ہیں صارفین اور کمپنی ملازمین دونوں کے مفادات کا تحفظ کیا جارہا ہے۔ چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین شیخ احسن رشید نے کہا ہے کہ میپکو کو ماڈل کمپنی بنانے کے لئے تمام صلاحیتیں بروئے کار لا رہے ہیں۔ بہتر مینجمنٹ اور حکمت عملی کے ذریعے صنعتی صارفین کو بجلی کی فراہمی بہتر بنا کر لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 12 گھنٹے سے کم کر کے 8 گھنٹے کر دیا ہے جبکہ گھریلو صارفین کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کے لئے کسٹمر کیئر کمیٹی قائم کر دی ہے۔ ایک مقامی اخبار کو انٹرویو میں شیخ احسن رشید نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ صنعتی صارفین کے لئے لوڈشیڈنگ میں مزید کمی لائی جائے گی تاکہ صنعتوں کا پہیہ رواں دواں رہے اور ملکی معیشت ترقی کرے۔ میں نے میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کی ذمہ داریاں سنبھالتے ہی اپنے وژن اور پلاننگ کے مطابق اعلان کیا تھا کہ میپکو کو ملک کی دیگر تقسیم کار کمپنیوں کے مقابلے میں مثالی کمپنی بنانا اولین ترجیح ہوگی۔ اس حکمت عملی کے تحت بورڈ کی معاونت سے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائی جارہی ہیں تاکہ میپکو صارفین کو بہتر سے بہتر نتائج دیئے جاسکیں۔ صنعتی صارفین کے ساتھ ساتھ گھریلو صارفین کی شکایات کے ازالہ اور بہتر



سہولیات فراہمی کے لئے کاوشیں کی جارہی ہیں اس سلسلہ میں کسٹمر کیئر کمیٹی قائم کر دی ہے۔ اوور بلنگ کی شکایات کا بھی نوٹس لیا گیا ہے۔ صارفین کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات پر فوری ایکشن لئے جارہے ہیں۔ اوور بلنگ کی شکایات ثابت ہونے پر بھی صارفین کو ریلیف دیا جائیگا۔ ماضی میں نکالے گئے 660 کنٹریکٹ ملازمین کی بحالی کی کوشش بھی کی جارہی ہے۔ میپکو میں ملازمین کی کمی نکالے گئے سابق تربیت یافتہ کنٹریکٹ ملازمین کے ذریعے ہی پورا کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ التواء کا شکار ورک آرڈرز کی جلد از جلد تکمیل کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ شیخ احسن رشید نے کہا کہ محدود وسائل اور مشکل حالات کے باوجود بہترین نتائج کی فراہمی کے لئے منظم کاوشیں کی جارہی ہیں۔ لائن لاسز میں کمی لانے اور موجودہ ترسیلی و تقسیم کار نظام کو موثر بنانے کے لئے بھی ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

# یونیورسٹی میں بلاتعطل بجلی کی فراہمی کیلئے ہرممکن اقدامات اٹھائینگے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی

## یونیورسٹی کی بجلی کی طلب 4 میگاواٹ تک پہنچ گئی ہے۔ وی سی ڈاکٹر خواجہ علقمہ

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی نے کہا ہے کہ یونیورسٹی میں بلاتعطل بجلی کی فراہمی کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے۔ جنوبی پنجاب کی عظیم مادر علمی کی ترقی اور یہاں کے طلباء کے لئے مسلسل بجلی نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے یہ بات وائس چانسلر بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ڈاکٹر خواجہ علقمہ سے ملاقات کے دوران کہی۔ وائس چانسلر بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ڈاکٹر خواجہ علقمہ نے کہا کہ بہاء الدین زکریا یونیورسٹی میں اس وقت تقریباً 30 ہزار طلباء و طالبات زیر تعلیم ہیں اور یونیورسٹی کی بجلی کی طلب 4 میگاواٹ تک پہنچ گئی ہے۔ بجلی سے متعلقہ معاملات کے حل کے لئے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو کے خیالات قابل تعریف ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ یونیورسٹی کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی کے اقدامات کئے جائیں گے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو نے کہا کہ یونیورسٹی کی بجلی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے صرف علیحدہ فیڈر نہیں بلکہ الگ گرڈ اسٹیشن کی ضرورت ہے اگر یونیورسٹی اپنے الگ گرڈ اسٹیشن کے لئے منصوبہ بندی کرے تو مستقبل کی ضروریات پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ وائس چانسلر ڈاکٹر خواجہ علقمہ نے اس موقع پر اس تجویز کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی اپنے لئے نئے گرڈ اسٹیشن کی تعمیر کو بہتر سمجھتی ہے میپکو ہمیں اس منصوبے کے بارے میں بریفنگ دے ہم اسے جلد از جلد عملی جامہ پہنائیں گے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر پلاننگ اینڈ انجینئرنگ محمد اکرم چوہدری، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود، سپرنٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل شاہد حمید چوہان، یونیورسٹی سے ڈاکٹر شبر عتیق، ڈاکٹر قادر ملک، ڈاکٹر سعید ملک، ڈاکٹر اسحاق خانی، ڈاکٹر امان اللہ، ملک رفیق، عمران شریف اور محمد نعیم بھی موجود تھے۔



ملتان: چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی وائس چانسلر بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ڈاکٹر خواجہ علقمہ سے ملاقات کر رہے ہیں

لائن سٹاف کام کرتے ہوئے کام
کالباس پہننے اوراوزار چیک کرے

# موجودہ بورڈ میپکو ملازمین اور صارفین کی ترقی وخوشحالی چاہتا ہے - شیخ احسن رشید

چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز

## میپکو نے گزشتہ تین ماہ میں ریکوری کے سو فیصد اہداف حاصل کئے ہیں اور لائن لاسز میں واضح کمی کی ہے میپکو چیف کی بورڈ کو بریفنگ

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 97واں اجلاس میپکو ہیڈ کوارٹر میں منعقد ہوا جس کی صدارت چیئرمین شیخ احسن رشید نے کی۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ایک نئے آپریشن سرکل، دو نئی ڈویژنوں اور تین سب ڈویژنوں کے قیام کی منظوری دے دی ہے۔ ملتان سرکل کو دو حصوں میں تقسیم کر کے خانیوال سرکل، شاہ رکن عالم ڈویژن، ریونیو آفس شاہ رکن عالم ڈویژن، کہروڑپکا ڈویژن، ریونیو آفس کہروڑپکا ڈویژن، ممتاز آباد اور غلہ منڈی سب ڈویژنوں کو دو حصوں میں تقسیم کر کے نئی قصبہ مڑل سب ڈویژن، بوسن روڈ سب ڈویژن کو دو حصوں میں تقسیم کر کے نئی واپڈا ٹاؤن سب ڈویژن کے قیام کی منظوری دی ہے۔ 132KV ہیڈ راجکاں گرڈ اسٹیشن، 132KV خیرپور ٹامیوالی گرڈ اسٹیشن اور گجرات سب ڈویژن کے لئے سٹاف تعینات کرنے کی منظوری بھی دی گئی ہے۔ میپکو کمپیوٹر سنٹر میں اے ایم آئی سیل کے قیام، 11KV اولڈ 37/WB فیڈر روہاڑی، 11KV دانا ابراہیم فیڈر روہاڑی، 11KV انڈی پینڈنٹ فیڈر ڈی جی خان، 11KV انڈی پینڈنٹ فیڈر رحیم یار خان، 11KV الفضل فیڈر شجاع آباد، 11KV کسروان فیڈر خانیوال کی بائفرکیشن اور اپ گریڈیشن، میپکو کمپیوٹر سنٹر کے لئے کمپیوٹر سٹیشنری کی خریداری، ٹرانسفارمر آئل کلاس I، پیپر کورڈ کاپر سٹرپس، اینملڈ کاپر وائر، 2000 کلومیٹر پی وی سی، 25 کے وی اے کے 2075 ٹرانسفارمرز، 50 کے وی اے کے 667 ٹرانسفارمرز، 100 کے وی اے کے 610، 200 کے وی اے کے 495 ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز خریدنے کی منظوری دی ہے۔ بورڈ نے مالی سال 2014-15ء کے بجٹ کی بھی منظوری دی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی نے بورڈ کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ 3 ماہ سے مسلسل اپنے واجبات کی 100 فیصد ریکوری کر رہی ہے جو کہ ملازمین اور افسران کی محنت کا نتیجہ ہے۔ جولائی، اگست اور ستمبر 2014ء کے مہینوں میں میپکو کی ریکوری کی شرح سو فیصد رہی اور لائن لاسز میں بھی کمی لائی گئی ہے۔ اجلاس میں بورڈ ڈائریکٹرز راجن سلطان پیرزادہ، خالد مسعود خان، خواجہ محمد اعظم، منیر احمد، محمد انیس خواجہ، میاں زاہد پرویز مڑل، ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ڈسٹری بیوشن فضل اللہ درانی، کمپنی سیکرٹری ساجد یعقوب انصاری، منیجر کمرشل ملک امتیاز احمد، ڈپٹی منیجر لیگل ملک امیر عباس سامٹیہ اور دیگر افسران نے شرکت کی۔



ملتان: چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز شیخ احسن رشید 97ویں اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، بورڈ ڈائریکٹرز راجن سلطان پیرزادہ، خالد مسعود خان، خواجہ محمد اعظم، منیر احمد، محمد انیس خواجہ، میاں زاہد پرویز مڑل، ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ اور دیگر افسران شریک ہیں

ملتان سرکل کو دو حصوں میں تقسیم کر کے خانیوال سرکل، شاہ رکن عالم ڈویژن، ریونیو آفس شاہ رکن عالم ڈویژن، کہروڑپکا ڈویژن، ریونیو آفس کہروڑپکا ڈویژن، ممتاز آباد اور غلہ منڈی سب ڈویژنوں کو دو حصوں میں تقسیم کر کے نئی قصبہ مڑل سب ڈویژن، بوسن روڈ سب ڈویژن کو دو حصوں میں تقسیم کر کے نئی واپڈا ٹاؤن سب ڈویژن کے قیام کی منظوری دی ہے

بجلی کی رو بند ہونے اور بیک فیڈ کا خطرہ نہ ہونے کی تسلی کریں

# میپکو ریجن میں سیفٹی مہم

## لائن سٹاف محکمہ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی

**میپکو ریجن میں مہلک اور غیر مہلک حادثات کی بڑی وجہ لاپرواہی ہے۔ ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ**

**امریکی عوام اور یو ایس ایڈ میپکو کو سامان کی فراہمی پر مطمئن ہیں۔ نمائندہ یو ایس ایڈ باب ڈالٹن**

**میپکو ریجنل ٹریننگ سنٹر کا معیار بھی بین الاقوامی سطح پر پہنچ گیا ہے۔ ٹریننگ ایکسپرٹ یو ایس ایڈ طفیل احمد شیخ**



ملتان: چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ ایس ای ملتان شاہد حمید چوہان، نمائندہ یو ایس ایڈ باب ڈالٹن، کریگ فینٹن، طفیل احمد شیخ، یونین عہدیدار غلام رسول گجر، سجاد بلوچ، چوہدری محمد خالد، ایکسین ممتاز آباد علی اکرم گجر اور سید شوکت بخاری میپکو قاسم پور کالونی میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

ڈسٹری بیوشن کمپنیز جہاں دیگر بے شمار مسائل سے محدود وسائل کے ساتھ نبرد آزما ہیں وہاں تجربہ کار لائن سٹاف کے حادثات بھی ان کے لئے دوہرے نقصان کا باعث بن رہے ہیں۔ ایک طرف تو لائن سٹاف کی ویسے ہی بہت کمی ہے اور دوسری طرف حادثات کے ذریعے اس میں مزید کمی ہو رہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ آئے روز حادثات نے انتظامیہ کی پریشانی میں بھی از حد اضافہ کر دیا ہے کہ ہر ممکن تربیت فراہم کرنے اور سیفٹی مہم چلانے کے باوجود حادثات میں کمی نہیں آرہی ہے۔ انہی تمام حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مظفر علی عباسی نے ملازمین کی حفاظت کو اپنی اولین ترجیح بنایا اور تمام ریجن میں سیفٹی سیمینار منعقد کرنیکا فیصلہ کیا ان کے اس فیصلے کو ملازمین نے سراہا اور لیبر یونین نے بھی چیف ایگزیکٹو آفیسر کی جانب سے لیبر کی حفاظت کے لئے اٹھائے جانے والے اقدامات کی تائید کی۔

اس سیفٹی مہم کا آغاز رحیم یار خان سے ہوا جہاں چیف ایگزیکٹو آفیسر نے سرکل میں لیبر یونین کے عہدیداروں اور ملازمین سے خطاب کیا۔ اس سلسلہ میں دوسرا سیمینار وہاڑی سرکل میں ہوا جہاں لیبر اور افسران نے ان کا فقید المثال استقبال کیا۔ منوں پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں جو لیبر کی میپکو چیف سے محبت کا اظہار تھا۔ سیفٹی مہم کے سلسلے کا تیسرا اجلاس بہاولپور میں ہوا۔ چیف ایگزیکٹو کا فقید المثال استقبال کیا گیا۔ انہیں بگھی میں بٹھا کر پنڈال تک لایا گیا۔ لیبر یونین کے خیر مقدمی نعروں سے پنڈال گونج اٹھا۔ چیف ایگزیکٹو نے انہیں اپنی حفاظت کرنے کا پیغام دیا اور ان سے عہد لیا کہ وہ سیفٹی کے اصولوں کی پاسداری کریں گے۔ تقریب میں عطاء اللہ ایس ای، فضل اللہ درانی، ایکسین ایس ڈی او موجود تھے۔ سیفٹی مہم کا چوتھا سیمینار ڈی جی خان میں ہوا۔ ہر سرکل کی طرح ڈی جی خان سرکل کے ملازمین نے بھی اپنے چیف کا پر جوش استقبال کیا۔ تقریب میں نعیم اللہ ایچ آر، میاں انصاری ایف ڈی، ناصر ایس ای موجود تھے۔ چیف نے ڈی جی خان میں بھی سکول بس دینے اور ملازمین کے رہائشی کوارٹرز تعمیر کرنے کا اعلان کیا اور سیفٹی کے قواعد پر عمل کا عہد ملازمین سے لیا۔ اس سلسلے کی آخری تقریب ملتان سرکل میں منعقد کی گئی۔ یو ایس ایڈ کی جانب سے حفاظتی الات اور گاڑیوں کی میپکو کے حوالے کرنے کی تقریب کو بھی موقع کی مناسبت سے سیفٹی سیمینار

کا حصہ بنا لیا گیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے اس موقع پر کہا کہ ہمارا لائن مین فرنٹ لائن پر اپنی جان کی بازی لگا کر صارفین کے گھروں کو روشن اور کارخانوں کا پہیہ چلا رہا ہے۔ اس کی حفاظت اور اسے تمام وسائل مہیا کرنا ہمارا فرض ہے۔ اس موقع پر ایس ای وہاڑی محمود احمد خان نے کہا کہ میپکو میں حادثات کی بڑی وجہ ٹی اینڈ پی کی کمی نہیں بلکہ اس کا استعمال نہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے تمام ملازمین کو ہدایت کی ہے کہ پی ٹی ڈبلیو اور ٹی اینڈ پی کے بناء کام کرنے سے انکار کریں ان سے کوئی باز پرس نہیں کی جائیگی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی نے کہا ہے کہ لائن سٹاف فیلڈ میں ڈیوٹی کے دوران سیفٹی آلات کا استعمال یقینی بنائیں تا کہ مہلک اور غیر مہلک حادثات کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔ لائن سٹاف محکمہ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ وہ قاسم پور کالونی میں منعقدہ سیفٹی سیمینار اور یو ایس ایڈ کی جانب سے سیفٹی آلات اور گاڑیوں کو میپکو کے حوالے کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے یو ایس ایڈ انتظامیہ کا میپکو کو گاڑیوں اور سیفٹی آلات کی فراہمی کے لئے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کے حقوق کا خیال رکھنا ہماری ذمہ داری ہے۔ میٹر ریڈرز مہنگائی کے اس دور میں درست ریڈنگ کریں اور اوور ریڈنگ کے ذریعے صارفین کو ہرگز تنگ نہ کریں۔ میپکو کے ڈسٹری بیوشن سسٹم کی خرابیاں ایک دن کی نہیں ہیں، ہم سب نے مل کر اسے ٹھیک کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں میپکو افسران وملازمین کا شکر گزار ہوں جنہوں نے 50 دن میں دن رات کام کیا اور میپکو کے حالات بدلے۔ میپکو نے پورے پاکستان میں ریکوری اہداف حاصل کر کے نمبر ون پوزیشن حاصل کی اگر ستمبر 2014ء میں بھی اتھارٹی کے دیئے گئے اہداف حاصل کئے تو عیدالاضحیٰ پر بھی بونس دلائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے سٹاف کی محنت کی وجہ سے کمپنی کو عزت ملی ہے۔ ملازمین کی سہولت کے لئے واپڈا ٹاؤن فیز III کی ڈاؤن پیمنٹ میں کمی اور اقساط بڑھائی گئی ہیں۔ ساہیوال، ڈی جی خان میں سٹاف کالونیاں بنائی جائیں گی۔ بہاولپور اور وہاڑی میں ٹرانسفارمرز ری کلمیشن ورکشاپس کی منظوری دے دی گئی ہے جن پر جلد کام شروع ہو جائیگا۔ ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ نے کہا کہ ہم لیبر کو دست و بازو سمجھتے ہیں۔ سٹاف کے بغیر کمپنی ترقی نہیں کر سکتی۔ میپکو ریجن میں مہلک اور غیر مہلک حادثات کی بڑی وجہ لاپرواہی ہے۔ انسانی جان اللہ پاک کی امانت ہے، اپنی جانوں کا خیال رکھیں اور ڈیوٹی کے دوران سیفٹی آلات کا استعمال ضرور کریں۔ یو ایس ایڈ کے نمائندہ باب ڈالٹن نے کہا کہ سیفٹی آلات کی موجودہ فراہمی صرف ایک آغاز ہے اور ہم مزید سامان بھی فراہم کریں گے۔ سیفٹی کی تربیت کو اپنے کام میں بروئے کار



ملتان: چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، نمائندہ یو ایس ایڈ باب ڈالٹن، کریگ فینٹن، طفیل احمد شیخ لائن سٹاف میں سیفٹی آلات تقسیم کر رہے ہیں



ملتان: چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، نمائندہ یو ایس ایڈ باب ڈالٹن، کریگ فینٹن، طفیل احمد شیخ یو ایس ایڈ کی جانب سے فراہم کئے جانے والے سیفٹی آلات کا معائنہ کر رہے ہیں

**سیفٹی آلات کی موجودہ فراہمی صرف ایک آغاز ہے اور ہم مزید سامان بھی فراہم کریں گے، سیفٹی کی تربیت کو اپنے کام میں بروئے کار لا کر حادثات کو زیرو تک پہنچا دیں، باب ڈالٹن نمائندہ یو ایس ایڈ**

لاکر حادثات کو زیرو تک پہنچا دیں۔ کریگ فینٹن نے باب ڈالٹن کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے تین سال تک میپکو کے لائن سٹاف کو تربیت دی ہے۔ امریکی عوام اور یو ایس ایڈ میپکو کو سامان کی فراہمی پر مطمئن ہیں اور امید کرتے ہیں کہ اس کے استعمال سے حادثات میں کمی آئے گی۔ ٹریننگ ایکسپرٹ یو ایس ایڈ طفیل احمد شیخ نے کہا کہ یو ایس ایڈ نے میپکو لائن سٹاف کی حفاظت کے لئے بے شمار سامان فراہم کیا ہے اور لائف ٹائم وارنٹی والے سیفٹی آلات دیئے گئے ہیں۔ میپکو ریجنل ٹریننگ سنٹر میں لائن سٹاف کو عالمی معیار کے مطابق سیفٹی کی تربیت دی جارہی ہے اور میپکو ریجنل ٹریننگ سنٹر کا معیار بھی بین الاقوامی سطح پر پہنچ گیا ہے۔ دنیا بھر میں ریسکیو کا کام اس وقت تک شروع نہیں ہوسکتا جب تک بجلی کی ڈسٹری بیوشن کمپنی کا لائن مین علاقہ کلیئر نہیں کرے گا۔ لائن مین کی زندگی انتہائی قیمتی ہے۔ ٹی اینڈ پی استعمال کرنے سے سینکڑوں زندگیاں بچ سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میپکو ٹریننگ سنٹر میں سیفٹی کی تربیت کو ہر ٹریننگ کا حصہ قرار دیا گیا ہے جو نہایت خوش آئند بات ہے۔ سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل ملتان شاہد حمید چوہان نے کہا کہ کوئی بھی لائن مین بغیر سیفٹی آلات کے کھمبوں پر کام نہ کرے اور اگر کوئی لائن سپرینٹنڈنٹ بغیر پرمٹ کے کام کرنے کے لئے مجبور کرے تو کام سے انکار کر دیں اور مجھے براہ راست بتائیں۔ ایل ایس کے خلاف سخت محکمانہ کاروائی کی جائے گی۔ واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین کے عہدیداروں غلام رسول گجر، سجاد احمد بلوچ اور چوہدری محمد خالد نے کہا کہ ٹی اینڈ پی وافر مقدار میں موجود ہے اور تمام لائن مین لے سکتے ہیں۔ لائن سٹاف اور سب ڈویژنل سٹاف کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں جس سے نتائج اچھے ہوں گے۔ ہم تمام ملازمین سے اپیل کرتے ہیں کہ بجلی چوروں کے خلاف سخت کاروائی کریں اور کسی کے ساتھ رعایت نہ برتیں۔ سیمینار سے ایکسین ممتاز آباد ڈویژن علی اکرم گجر اور ڈپٹی منیجر ریجنل ٹریننگ سنٹر سید شوکت بخاری نے بھی خطاب کیا۔ بعد ازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی نے یو ایس ایڈ کی جانب سے فراہم کئے جانے والے ٹی اینڈ پی، لائن سٹاف کے لئے وہیکلز اور رکشوں کا معائنہ بھی کیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر پی اینڈ ای محمد اکرم چوہدری، چیف انجینئر آپریشن چوہدری محمد ارشد، چیف انجینئر ٹی اینڈ جی ملک سعید وینس، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود، منیجر ایچ آر ایم لیاقت میمن، منیجر سیکیورٹی اینڈ ٹرانسپورٹ میجر (ر) فرخ جاوید گھمن، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، ملتان سرکل کے زیر انتظام سب ڈویژنوں اور ڈویژنوں کے افسران اور لائن سٹاف نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔



ملتان: چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، سپرنٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل ڈی جی خان ناصر رشید اور ریجنل چیئرمین واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین غلام رسول گجر ڈی جی خان میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں




ملتان: چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، چیف انجینئر راؤ ضیاء الرحمان، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود، ریجنل چیئرمین واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین غلام رسول گجر اور سپرنٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل مظفر گڑھ ناصر ایاز گورمانی مظفر گڑھ میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

# چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی کے مختلف دفاتر کے دورے


چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی نے گزشتہ روز میپکو کمپیوٹر سنٹر اور فنانس ڈائریکٹوریٹ کا دورہ کیا اس موقع پر ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن سسٹم میاں ندیم احمد،

**جدید دور میں کمپنی کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا جارہا ہے۔ میپکو کمپیوٹر سنٹر کے ہائیڈرو ورکرز یونین کے رہنما مسرور زیدی کے مطالبہ پر چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کمپیوٹر سنٹر کی خواتین ورکرز کو پک اینڈ ڈراپ کی سہولت فراہم کرنے ، اوورٹائم ادا کرنے کی یقین دہانی کروائی**

ڈائریکٹر فنانس میاں انصار محمود، منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس سعید احمد خان اور جہانگیر بھٹہ بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیمانڈ نوٹسز جمع کروانے والے صارفین کو فوری طور پر نئے کنکشنز فراہم کئے جائیں اور کمپیوٹر سنٹر کی ذمہ داری ہے کہ نئے کنکشنز کی فراہمی کے ساتھ ہی ان کی بلنگ کرے تاکہ صارف استعمال شدہ بجلی کا بل ماہانہ بنیادوں پر ادا کرے۔ ہماری ذمہ داری ہے کہ سب مل کر کمپنی کو ترقی کی جانب لیکر جائیں اس کے لئے سب نے محنت کرنی ہے۔ انہوں نے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن سسٹم میپکو کو ہدایت کی کہ وہ بیچز (Batches) کی نگرانی کریں جس سب ڈویژن سے بیچ تاخیر سے وصول ہو رہے ہیں ان کی نشاندہی کریں اور رپورٹ سی ای او آفس کریں تاکہ کام نہ کرنے والے اہلکاروں سے سختی سے نمٹا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ شعبہ فنانس کا کام بجٹ کی تیاری سے لیکر پیسے منصوبوں کے لئے جاری کرنے کا ہے۔ فنڈز جاری کرتے وقت پراجیکٹ کا بھی جائزہ لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام شعبوں کے افسران اور ملازمین اپنا کام ذمہ داری کے ساتھ کریں اور کمپنی کے مفاد میں کام کریں۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن سسٹم میاں ندیم احمد نے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کمپیوٹر سنٹر کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر میپکو ویب سائٹ پر بلنگ، لائن لاسز، ڈیفالٹرز کی فہرستیں، بلنگ کی مد میں وصول ہونے والی رقم اور دیگر معلومات اپ ڈیٹ کی جارہی ہیں۔ میپکو کالونی کو وائی فائی سسٹم سے منسلک کردیا ہے۔ جدید دور میں کمپنی کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا جارہا ہے۔ میپکو کمپیوٹر سنٹر کے ہائیڈرو ورکرز یونین کے رہنما مسرور زیدی کے مطالبہ پر چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کمپیوٹر سنٹر کی خواتین ورکرز کو پک اینڈ ڈراپ کی سہولت فراہم کرنے ، اوورٹائم ادا کرنے کی یقین دہانی کروائی۔



ملتان: چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی کمپیوٹر سنٹر ملتان کا دورہ کررہے ہیں



ملتان: چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن سسٹم میاں ندیم احمد، ڈائریکٹر فنانس میاں انصار محمود، منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس سعید احمد خان اور جہانگیر بھٹہ بھی موجود ہیں

# حادثات میں تجربہ کار لوگ اپنی جانیں گنوا رہے ہیں

## چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی نے کہا ہے کہ میپکو ریجن میں بغیر پرمٹ لائنوں پر کام کرنے پر پابندی عائد کردی گئی ہے اگر کسی علاقے میں حادثہ رونما ہوا تو متعلقہ ایس ڈی او اور لائن سپریٹنڈنٹ کو فارغ کر دیں گے۔ سب کو مل کر سیفٹی کلچر کو فروغ دینا ہے۔ یہ بات انہوں نے پاکستان واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین کے جنرل سیکرٹری خورشید احمد خان کی سربراہی میں وفد سے ملاقات کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن کو کمیٹی بنانے کی ہدایت کردی ہے۔ انتظامیہ فوری طور پر کمیٹی کی سفارشات پر عملدرآمد کرکے ایکشن لے گی۔ انہوں نے کہا کہ سیفٹی کی تمام ضروریات پوری کرنے کے باوجود فیلڈ میں مہلک اور غیر مہلک حادثات نہیں رک رہے۔ دوران ڈیوٹی حادثات میں کمی کے لئے افسران اور ملازمین میں شعور اجاگر کرنا ضروری ہے اور ہم اس سلسلہ میں بھرپور کوششیں کررہے ہیں اور ہر ممکن وسائل بھی بروئے کار لارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یو ایس ایڈ کی جانب سے فراہم کردہ جدید ٹی اینڈ پی جلد لائن سٹاف کو فراہم کی جارہی ہے۔ پاکستان واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین کے جنرل سیکرٹری خورشید احمد خان نے کہا کہ لوڈشیڈنگ، مہنگی بجلی کی وجہ سے عوام مشکلات کا شکار ہے۔ سٹاف اور افسران عوام کے ساتھ اچھا سلوک کریں۔ یونین عہدیدار میٹر ریڈرز کو اوور ریڈنگ سے منع کریں۔ حادثات کی شرح میں کمی کے لئے میپکو ریجن میں خراب اور ٹوٹے ہوئے پی سی پولز تبدیل کرنے کے لئے یونین عہدیدار لسٹیں بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو کو ملازمین کے مطالبات پیش کرتے ہوئے کہا کہ ڈیلی ویجز پر کام کرنے والے ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنائی جائے۔ حادثات میں فوت ہونے والے لائن سٹاف کے ورثاء کو واجبات کی بروقت فراہمی ممکن بنائی جائے۔ لائن مینوں کو سرکل کی سطح پر ٹریننگ دینے کا اہتمام کیا جائے اور ملازمین کو ترقیاں دینے کے لئے پروموشن بورڈز کا انعقاد جلد کیا جائے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے تمام مطالبات منظور کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین کو سہولیات فراہم کرنا اور ان کے مسائل حل کرنا ہماری ترجیح ہے۔ ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ نے کہا کہ لائن سٹاف کی لاپرواہی کی وجہ سے فیلڈ میں مہلک اور غیر مہلک حادثات جنم لیتے ہیں۔ سی ای او کی ہدایت پر فوری طور پر کمیٹی بنائی جائے گی اور حادثات میں ملوث متعلقہ ایس ڈی او اور ایل ایس کے خلاف ایکشن لیں گے۔ بعدازاں خورشید احمد خان نے ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ سے ان کے والد کی وفات پر تعزیت کی اور مرحوم کی مغفرت کے لئے دعا بھی کروائی گئی۔ اس موقع پر فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود، منیجر ایڈمن جلیل الرحمٰن، منیجر ایچ آر ایم لیاقت میمن اور ڈپٹی منیجر لیگل ملک امیر عباس سامٹیہ بھی موجود تھے۔

> لائن سٹاف کی لاپرواہی کی وجہ سے فیلڈ میں مہلک اور غیر مہلک حادثات جنم لیتے ہیں۔
> سی ای او کی ہدایت پر فوری طور پر کمیٹی بنائی جائے گی اور حادثات میں ملوث متعلقہ ایس ڈی او اور ایل ایس کے خلاف ایکشن لیں گے، ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ




ملتان: چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، جنرل سیکرٹری واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین خورشید احمد خان اور ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ میپکو ہیڈکوارٹر میں منعقدہ یونین عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

# میپکو صارفین کو بہتر خدمات مہیا کرنے کیلئے نئے دفاتر کا قیام ناگزیر ہے

## چیئرمین ایچ آر کمیٹی خواجہ محمد اعظم

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ہیومن ریسورس کمیٹی کے چیئرمین خواجہ محمد اعظم نے کہا ہے کہ میپکو صارفین کو بہتر خدمات مہیا کرنے کے لئے نئے دفاتر کا قیام ناگزیر ہے۔ کمیٹی نے 5 نئے دفاتر کی سفارشات کی منظوری دی ہے اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کی حتمی منظوری کے بعد ان دفاتر کا قیام جلد از جلد عمل میں لایا جائیگا۔ وہ میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ایچ آر کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرر ہے تھے۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، راجن سلطان پیرزادہ، خواجہ انیس احمد، خالد مسعود خان، زاہد پرویز مڑل، ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ اور کمپنی سیکرٹری ساجد یعقوب انصاری نے شرکت کی۔ کمیٹی نے نئے آپریشن سرکل خانیوال، شاہ رکن عالم ڈویژن، کہروڑپکا ڈویژن، موجودہ ممتاز آباد اور غلہ منڈی سب ڈویژنوں کو بائی فرکیٹ کرکے نئی قصبہ مڑل سب ڈویژن، موجودہ بوسن روڈ سب ڈویژن کو بائی فرکیٹ کرکے نئی واپڈا ٹاؤن سب ڈویژن بنانے کی سفارشات کی منظوری دی۔ اسی طرح کمیٹی نے 132KV خیر پور ٹامیوالی اور ہیڈ سدھنائی گرڈ اسٹیشنوں کے لئے سٹاف کی منظوری بھی دی۔ خواجہ محمد اعظم نے کہا کہ ان دفاتر کے قیام سے جہاں میپکو ملازمین پر کام کا دباؤ تقسیم ہو جائیگا وہاں صارفین کو بھی بہتر خدمات میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ میپکو سٹاف بجلی کی چوری پر قابو پائیں اور صارفین کو سہولیات مہیا کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کریں۔



ملتان: میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ایچ آر کمیٹی کے چیئرمین خواجہ محمد اعظم اجلاس سے خطاب کرر ہے ہیں، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی اور دیگر ممبران بھی شریک ہیں

**میپکو سٹاف بجلی کی چوری پر قابو پائیں اور صارفین کو سہولیات مہیا کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کریں، خواجہ محمد اعظم**

# ترقیاتی منصوبوں کیلئے ملنے والے بجٹ کو موثر انداز میں استعمال کیا جائے

## چیئرمین پروکیورمنٹ کمیٹی راجن سلطان پیرزادہ

ترقیاتی منصوبوں کے لئے ملنے والے بجٹ کو موثر انداز میں استعمال کیا جائے۔ منصوبہ بندی کے ذریعے ذرائع کو بہتر انداز میں استعمال کرنے سے مزید پراجیکٹس بھی مکمل کئے جا سکتے ہیں۔ یہ بات چیئرمین پروکیورمنٹ کمیٹی میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز راجن سلطان پیرزادہ نے میپکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ کمیٹی کے اجلاس میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ انرجی لاس ریڈکشن کے منصوبے ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے لئے نہایت اہمیت رکھتے ہیں جس کے ذریعے سسٹم کے ٹیکنیکل لاسز کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ خاص طور پر ان منصوبوں میں اپنے وسائل اور ذرائع موثر انداز میں استعمال کرنے سے جہاں ان کی لاگت میں کمی آئے گی بلکہ دیگر منصوبے بھی مکمل کرنے میں مدد ملے گی۔ اجلاس میں کمیٹی کے رکن ممبر بی او ڈی میپکو خواجہ محمد اعظم، خالد مسعود خان، چیف انجینئر اوانیڈ ایم ڈسٹری بیوشن فضل اللہ درانی، ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، کمپنی سیکرٹری ساجد یعقوب انصاری ودیگر نے شرکت کی۔ پروکیورمنٹ کمیٹی نے11KVاولڈ 37ڈبلیو بی وہاڑی، 11KVدانا ابراہیم، 11KVالفضل شجاع آباد، 11KVکسروان خانیوال فیڈرز کی بائفرکیشن اور اپ گریڈیشن، 2 ہزار کلومیٹر پی وی سی، 25 کے وی اے کے 2 ہزار، 50 کے وی اے کے 592، 100 کے وی اے کے 610اور 200 کے وی اے کے 495 نئے ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز، ٹرانسفارمر آئل، سٹرپس، کاپر وائرسمیت دیگر میٹریل کی خریداری کی منظوری دی جبکہ ٹیکنیکل، کمرشل اور فنانشل معاملات کا جائزہ لینے کے لئے کمیٹی تشکیل دینے کی بھی منظوری دی گئی ہے۔



ملتان: میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی پروکیورمنٹ کمیٹی کے چیئرمین راجن سلطان پیرزادہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، بورڈ ممبرز خالد مسعود خان اور خواجہ محمد اعظم بھی موجود ہیں

> انرجی لاس ریڈکشن کے منصوبے ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے لئے نہایت اہمیت رکھتے ہیں جس کے ذریعے سسٹم کے ٹیکنیکل لاسز کم کرنے میں مدد ملتی ہے، خاص طور پر ان منصوبوں میں اپنے وسائل اور ذرائع موثر انداز میں استعمال کرنے سے جہاں ان کی لاگت میں کمی آئے گی بلکہ دیگر منصوبے بھی مکمل کرنے میں مدد ملے گی، چیئرمین پروکیورمنٹ کمیٹی میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز راجن سلطان پیرزادہ

MULTAN ELECTRIC POWER COMPANY
MEPCO

# میپکو ملازمین کی سہولت کیلئے واپڈا ٹاؤن فیز III کیلئے ڈاؤن پے منٹ میں کمی اور اقساط میں اضافے کا اعلان

## واپڈا ٹاؤن کے تینوں فیز میں تمام رہائشیوں کو یکساں سہولیات فراہم کی جائیں گی

## ارکان نے فیز تھری شروع کرنے کے لئے سیکرٹری واپڈا ٹاؤن سعید احمد خان کی کوششوں کو سراہا

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی نے کہا ہے کہ ملازمین کو سہولیات فراہم کرنا میپکو کی اولین ترجیح ہے۔ واپڈا ٹاؤن فیز III شروع کرنے کے لئے زمین کی خریداری کا عمل جلد مکمل کیا جائے تاکہ درخواستیں جمع کروانے والوں کو پلاٹ فراہم کئے جاسکیں۔ وہ واپڈا ٹاؤن مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے واپڈا ٹاؤن فیز تھری کے لئے پلاٹوں کی ڈاؤن پے منٹ میں کمی اور اقساط کی مدت میں اضافہ کا اعلان کیا۔

انہوں نے کہا کہ میپکو ملازمین کی جانب سے مطالبہ پر ڈاؤن پے منٹ 10 فیصد سے کم کر کے 5 فیصد اور اقساط کا دورانیہ 16 سے بڑھا کر 24 کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیز III کے لئے تقریباً 20 ہزار درخواستیں موصول ہونا واپڈا ٹاؤن پر عوام کا اعتماد ہے۔ واپڈا ٹاؤن فیز III کی کامیابی کے بعد ہمیں ایک اور موقع ملا ہے کہ فیز III کے ذریعے میپکو/واپڈا کا نام روشن کریں۔ انہوں نے کہا کہ واپڈا ٹاؤن کے تینوں فیز میں تمام رہائشیوں کو یکساں سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ سیکرٹری واپڈا



ملتان: چیف ایگزیکٹو آفیسر/صدر واپڈا ٹاؤن مینجمنٹ کمیٹی انجینئر مظفر علی عباسی مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں
سیکرٹری واپڈا ٹاؤن سعید احمد خان، نائب صدر شفقت اصغر طاہر اور مینجمنٹ کمیٹی کے ارکان بھی موجود ہیں

ٹاؤن سعید احمد خان نے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ واپڈا ٹاؤن ملتان میں ماڈل سوسائٹی ہے۔ فیز I اور فیز II میں پانچ مرلے کے کم پلاٹس رکھے گئے تھے اب کمیٹی نے فیز III میں اس بات کا خاص خیال رکھا ہے کہ چھوٹے ملازمین کو پلاٹ فراہم کرنے کے لئے 5 اور 7 مرلے کے پلاٹس کی تعداد زیادہ رکھی جائے۔ فیز III میں میپکو ملازمین کو 100 فیصد پلاٹس دیئے جا رہے ہیں اور انہیں لیٹرز جاری کردیئے گئے ہیں۔ ملازمین کی سہولت کے لئے پلاٹ کی قیمت ایک لاکھ روپے فی مرلہ اور 60 ہزار روپے ترقیاتی چارجز رکھے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ فیز III میں بھی پارک، سڑکیں، گریویارڈ، سکول، کالج، مسجد اور شاپنگ سنٹرز بنائے جائیں گے۔ کمیٹی کے ارکان نے اس موقع پر کہا کہ ہماری خواہش ہے کہ واپڈا ٹاؤن فیز تھری کا جلد آغاز کر کے امیدواروں کو خوشخبری دی جائے اور ہماری کوشش ہے کہ فیز تھری میں وہ تمام سہولیات فراہم کریں جو فیز ون اور فیز ٹو میں فراہم نہیں کی جاسکیں۔ ارکان نے فیز تھری شروع کرنے کے لئے سیکرٹری واپڈا ٹاؤن سعید احمد خان کی کوششوں کو سراہا۔ صدر واپڈا ٹاؤن مینجمنٹ کمیٹی انجینئر مظفر علی عباسی نے کہا کہ واپڈا ٹاؤن کے رہائشیوں کی سہولیات کے لئے کمیٹیاں اپنی تجاویز پیش کریں۔ انہوں نے لینڈ پرچیز کمیٹی کو ہدایت کی کہ وہ اپنا کام کرے اور فیز تھری کے لئے جگہ کا تعین کر کے اگلی میٹنگ میں اپنی سفارشات پیش کرے۔ اجلاس میں نائب صدر شفقت اصغر طاہر، اقبال حسین ملیرئی، راؤ ضیاء الرحمٰن، سید رضا الکبیر غزنوی، محمد یوسف وابلہ، حاجی کاشف ممتاز، مرزا سلیم بیگ، چوہدری مقبول احمد، ملک عارف وینس، چوہدری خالد، خواجہ حبیب الرحمٰن اور ایڈمن آفیسر محمد نعیم ارشد نے شرکت کی۔

> فیز III میں میپکو ملازمین کو 100 فیصد پلاٹس دیئے جا رہے ہیں اور انہیں لیٹرز جاری کردیئے گئے ہیں، ملازمین کی سہولت کے لئے پلاٹ کی قیمت ایک لاکھ روپے فی مرلہ اور 60 ہزار روپے ترقیاتی چارجز رکھے ہیں، سیکرٹری واپڈا ٹاؤن سعید احمد خان نے بتایا کہ فیز III میں بھی پارک، سڑکیں، گریویارڈ، سکول، کالج، مسجد اور شاپنگ سنٹرز بنائے جائیں گے

# میپکو اتھارٹی ڈی جی خان کے مسائل حل کرنے پر بھرپور توجہ دے رہی ہے۔ممبر قومی اسمبلی حافظ عبدالکریم

## انتظامیہ صارفین کو بجلی کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کیلئے ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کررہی ہے۔ممبر صوبائی اسمبلی عبدالعلیم شاہ

ڈی جی خان سے ممبر قومی اسمبلی حافظ عبدالکریم اور ممبر صوبائی اسمبلی عبدالعلیم شاہ نے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے میاں محمد نواز شریف کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا ہے کہ انہوں نے جنوبی پنجاب کے بجلی صارفین کے لئے ایک بہترین افسر کو چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو تعینات کیا ہے۔ ان کی تعیناتی چند ماہ میں ہی ڈیرہ غازی خان کے عوام کو ٹرپنگ اور غیر علانیہ لوڈشیڈنگ سے نجات ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت میپکو اتھارٹی مکمل طور پر ڈی جی خان کے مسائل حل کرنے پر توجہ دے رہی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ڈسٹری بیوشن سسٹم کی بہتری کے لئے گزشتہ ادوار میں کام نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے یہاں کے صارفین کو بجلی فراہم کرنا مشکل ہوگیا تھا اب ڈی جی خان میں دوسرا گرڈاسٹیشن صرف چند روز میں انرجائز کیا گیا ہے اور اس پر ڈالے جانے والے 8 فیڈرز میں سے 5 نئے فیڈرز مکمل کرلئے گئے ہیں اور باقی تین بھی جلد کرلئے جائیں گے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو نے اس موقع پر صحافیوں کو بتایا کہ ڈی جی خان میں ٹرانسمیشن لائنیں بورڈ اوورلوڈ تھیں۔ حافظ عبدالکریم کی ان تھک کوششوں کے باعث یہاں 500KV گرڈاسٹیشن کا قیام عمل میں آچکا ہے اور ہم نے اس گرڈاسٹیشن سے ٹرانسمیشن لائن کے منصوبے پر کام شروع کردیا ہے جس سے جلد ہی یہاں کے عوام کو مزید بہتر بجلی ملنا شروع ہوجائے گی۔ ممبر صوبائی اسمبلی عبدالعلیم شاہ نے اس موقع پر کہا کہ ڈی جی خان کی انتظامیہ صارفین کو بجلی کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کررہی ہے اور علاقے میں اوورلوڈ سسٹم کی بہتری کے لئے منصوبے تیار کئے ہیں۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو نے ایس ای ڈی جی خان کو ہدایت کی کہ فوری طور پر ہائی ٹینشن اور لوٹینشن پروپوزلز منظور کروائیں اور ہیڈکوارٹر سے مطلوبہ سامان لیکر ایک ماہ کے اندر اندر ڈی جی خان کو ایچ ٹی اور ایل ٹی پروپوزلز کو مکمل کروائیں۔ اس موقع پر چیف انجینئر راؤ ضیاء الرحمٰن، ڈائریکٹر فنانس میاں انصار محمود، ڈائریکٹر کمرشل ملک امتیاز احمد، ایس ای ڈی جی خان ناصر رشید بھی موجود تھے۔



ممبر قومی اسمبلی ڈی جی خان حافظ عبدالکریم اور ممبر صوبائی اسمبلی عبدالعلیم شاہ ڈی جی خان میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

> ڈی جی خان کی انتظامیہ صارفین کو بجلی کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کررہی ہے اور علاقے میں اوورلوڈ سسٹم کی بہتری کے لئے منصوبے تیار کئے ہیں، ممبر صوبائی اسمبلی عبدالعلیم شاہ

> میاں محمد نواز شریف کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا ہے کہ انہوں نے جنوبی پنجاب کے بجلی صارفین کے لئے ایک بہترین افسر کو چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو تعینات کیا ہے، ان کی تعیناتی چند ماہ میں ہی ڈیرہ غازی خان کے عوام کو ٹرپنگ اور غیر علانیہ لوڈشیڈنگ سے نجات ملی ہے، ممبر قومی اسمبلی حافظ عبدالکریم

# پول کے اوپر سامان پہنچانے اور نیچے لانے کے لئے ہیڈ لائن ضرور استعمال کریں

## انتقال پر ملال ۔ فاتحہ خوانی

ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ کے والد مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لئے میپکو ہیڈ کوارٹرز میں فاتحہ خوانی کا اہتمام کیا گیا۔ قاری محمود الرشید قریشی نے دعا کروائی۔ فاتحہ خوانی میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، چیف انجینئرز فضل اللہ درانی، راؤ ضیاء الرحمٰن، چوہدری محمد ارشد، ملک سعید ونیس، محمد اکرم چوہدری، ایڈیشنل ڈی جی انفارمیشن سسٹم میاں ندیم احمد، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود، منیجر کمرشل ملک امتیاز احمد، منیجر ایڈمن جلیل الرحمٰن، منیجر ایچ آر ایم لیاقت میمن، منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس جہانگیر بھٹہ، پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن میاں محمد علی، منیجر میٹریل مینجمنٹ نعمت اللہ قریشی، منیجر سیکیورٹی اینڈ ٹرانسپورٹ منیجر (ر) فرخ جاوید گھمن، سپورٹس آفیسر شرافت علی، منیجر پروکیورمنٹ شیخ عتیق الرحمٰن، منیجر انٹرنل آڈٹ امجد صدیق، سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل شاہد حمید چوہان، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، ڈپٹی منیجر لیگل ملک امیر عباس سامٹیہ، ایکسین، ایس ڈی اوز اور تمام شعبوں کے ملازمین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ فاتحہ خوانی میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی نے کہا کہ ماں کے ساتھ باپ کی بھی اہمیت ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا نظام ہے جو اس دنیا میں آیا ہے اسے رخصت بھی ہونا ہے۔ تمام افسران، لیبر یونین کے عہدیداروں اور ملازمین محمد نعیم اللہ کے غم اور دکھ میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے والد کے درجات بلند کرے اور جنت میں جگہ دے۔




ملتان: ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ کے والد مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے میپکو ہیڈکوارٹرز میں فاتحہ خوانی کی جارہی ہے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، چیف انجینئرز، بڑی تعداد میں افسران وملازمین بھی شریک ہیں

## چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی سے ڈی سی او ملتان زاہد سلیم گوندل کی ملاقات

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی سے ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن آفیسر ملتان زاہد سلیم گوندل نے میپکو ہیڈکوارٹر میں ملاقات کی۔ ڈی سی او نے شہر کی سڑکوں اور میٹروبس کے مجوزہ روٹ پر میپکو تنصیبات سرکاری عمارتوں کو بجلی کی فراہمی اور دیگر معاملات پر

**ہمیں خوشی ہے کہ مسائل فوری طور پر حل ہورہے ہیں جسکا سارا کریڈٹ موجودہ انتظامیہ کو جاتا ہے، ڈی سی او ملتان**

گفتگو کی۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی نے کہا کہ اداروں کے درمیان ہم آہنگی ہونی چاہیے تاکہ مسائل فوری طور پر حل ہوتے رہیں۔ میپکو اپنے زیر انتظام جنوبی پنجاب کے 13 اضلاع میں ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل روابط رکھتی ہے اور ان کے ساتھ تعاون کرتی ہے۔ ڈی سی او زاہد سلیم گوندل نے کہا کہ میپکو ہمارے ساتھ مکمل تعاون کررہی ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ مسائل فوری طور پر حل ہورہے ہیں جسکا سارا کریڈٹ موجودہ انتظامیہ کو جاتا ہے۔ میپکو ہیڈ کوارٹر کے سامنے خانیوال روڈ بہت جلد نیا بن جائیگا جس سے سفر کرنے میں دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر پلاننگ اینڈ انجینئرنگ محمد اکرم چوہدری، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود، سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل شاہد حمید چوہان، چیف انجینئر بلڈنگ اور دیگر موجود تھے۔



ملتان: چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر مظفر علی عباسی میپکو ہیڈکوارٹر میں ڈی سی او ملتان زاہد گوندل سے ملاقات کررہے ہیں

# حج کی فضیلت

**حج اسلام کے بنیادی ارکان میں سے ایک ہے**

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا'' اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی گئی ہے۔۱۔اس بات کی شہادت کہ اللہ کے سوا کوئی الہ نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔۲۔نماز قائم کرنا،۳۔زکوٰۃ ادا کرنا۔۴۔حج کرنا اور۵۔رمضان کے روزے رکھنا''۔(بخاری)

**حج ساری زندگی میں صرف ایک بار فرض ہے**

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم کو خطبہ دیا اور فرمایا''لوگو!تم پر حج فرض کیا گیا ہے لہٰذا حج کرو''۔ایک آدمی نے پوچھا''یا رسول اللہ ﷺ کیا ہر سال حج کریں؟'' رسول اللہ ﷺ خاموش رہے حتیٰ کہ صحابی نے تین مرتبہ یہی سوال کیا۔تب آپ ﷺ نے فرمایا''اگر میں ہاں کہہ دیتا تو تم پر ہر سال حج کرنا فرض ہوجاتا اور تم یہ کرسکتے۔پھر فرمایا کہ جو چیز میں تم کو بتانا چھوڑ دوں اس بارے میں تم بھی مجھ سے سوال نہ کیا کرو۔تم سے پہلے لوگ اپنے انبیاء سے زیادہ سوال کرنے اور ان سے اختلاف کرنے کی وجہ سے ہی ہلاک ہوئے۔لہٰذا جب میں تمہیں کسی بات کا حکم دوں تو حسب استطاعت اس پر عمل کرو اور جب کسی چیز سے منع کروں تو رک جاؤ۔(مسلم)

**حج مبرور کرنے والا جنتی ہے**

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا'' عمرہ ان تمام گناہوں کا کفارہ ہے جو موجودہ اور گزشتہ عمرہ کے درمیان سرزد ہوئے ہوں اور حج مبرور کا بدلہ تو جنت ہی ہے''(متفق علیہ)

حضرت عمرو بن عاصؓ کہتے ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا اپنا دایاں ہاتھ آگے کیجئے تاکہ میں آپ ﷺ سے بیعت کروں۔نبی کریم ﷺ نے اپنا دایاں ہاتھ آگے کیا تو میں نے اپنا ہاتھ پیچھے کھینچ لیا۔نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا،عمرو!کیا ہوا؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ شرط رکھنا چاہتا ہوں۔آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم کیا شرط رکھنا چاہتے ہو؟ میں نے عرض کیا(گزشتہ) گناہوں کی مغفرت کی۔تب آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا'' کیا تجھے معلوم نہیں کہ اسلام میں (داخل ہونا) گزشتہ تمام گناہوں کو مٹا دیتا ہے ہجرت سے گزشتہ تمام گناہوں مٹا دیتی ہے اور حج گزشتہ تمام گناہوں کو مٹا دیتا ہے''۔(مسلم)

**سنت کے مطابق حج ادا کرنے سے گزشتہ تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں**

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے حج کیا اور اس دوران کوئی بیہودہ بات یا گناہ نہ کیا تو وہ حج کرکے اس دن کی طرح (گناہوں سے پاک) لوٹے گا جس طرح اس کی ماں نے اس (گناہوں سے پاک) جنا تھا''۔(بخاری)



**پے در پے حج اور عمرہ محتاجی اور فقر دور کرتے ہیں**

حضرت عمرؓ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا'' پے در پے حج اور عمرہ کرو، بے شک یہ دونوں فقر اور گناہوں کو اس طرح دور کردیتے ہیں جس طرح بھٹی لوہے کی میل کچیل کو دور کردیتی ہے''۔(ابن ماجہ)

**ایمان باللہ اور جہاد کے بعد سب سے افضل عمل حج ہے**

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ سے سوال کیا گیا ہے کہ کون سا عمل سب سے افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا'' اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لانا''۔کہا گیا اس کے بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا''اللہ کی راہ میں جہاد کرنا''۔ کہا گیا اس کے بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا''حج مقبول''(متفق علیہ)

**خواتین، بوڑھے اور کمزور لوگوں کو حج کا ثواب جہاد کے برابر ملتا ہے**

حضرت حسن بن علیؓ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور کہا کہ میں کمزور اور ضعیف آدمی ہوں۔آپ ﷺ نے فرمایا''ایسا جہاد کر جس میں تکلیف نہیں، یعنی حج''(طبرانی)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا'' یا رسول اللہ ﷺ کیا ہم جہاد نہ کریں؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا''نہیں (عورتوں کیلئے) عمدہ ترین جہاد حج مبرور ہے(بخاری)

**حج اور عمرہ ادا کرنے والوں کی دعائیں اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے**

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا''غازی فی سبیل اللہ، حاجی اور عمرہ ادا کرنے والے اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں۔اللہ تعالیٰ نے ان کو بلایا اور انہوں نے حکم کی تعمیل کی پھر انہوں نے اللہ سے مانگا اور اللہ نے ان کو عطا فرمایا(ابن ماجہ)